ذریعے ہماری سڑکیں تعمیر ہوتی ہیں، جن کے ذریعے ہماری عمارات بنتی ہیں، مثال کے طور پر سی اینڈ ڈبلیو ہے، میونسپل کمیٹیز ہیں، ڈسٹرکٹ کونسلز ہیں، ان کی ذمہ داری یا ڈسٹرکٹ کونسلز کی یا سی اینڈ ڈبلیو کی کہ وہ اپنے جو روڈز ہیں، ان کی دیکھ بھال رکھیں۔ جو ہمارے ایم اینڈ آر میں فنڈز رکھے جاتے ہیں، وہ کہاں خرچ ہوتے ہیں؟ ایم اینڈ آر کے پچیس فیصد بھی اگر، پچیس سے تیس پرسنٹ بھی اگر ان سڑکوں پہ لگا دیئے جائیں تو کم از کم یہ مون سون کی بارشوں میں وہ سڑکیں تباہ نہ ہوں۔ ہوتا یہ ہے کہ ایم اینڈ آر کا فنڈ رکھ دیا جاتا ہے لیکن وہ خرچ ہی نہیں ہوتا، نہ ان کی صفائی کا کوئی اہتمام ہوتا ہے، نہ کہیں سے کوئی سڑکیں جو ٹوٹی پھوٹی ہیں، ان کو ٹھیک کیا جاتا ہے۔ ہمیں ضرورت ہے کہ ہم کم از کم جو روڈز ہمارے بن جاتے ہیں، انکی دیکھ بھال کے لئے جو ایم اینڈ آر کا فنڈ ہے، وہ 'پراپر' طریقے سے خرچ ہو، اس کیلئے کوئی طریقہ کار وضع کیا جائے تاکہ آئندہ موسم میں جب بارشیں ہوں تو وہ روڈز خراب نہ ہو سکیں اور دوبارہ ہمیں انکی تعمیر کی ضرورت نہ پڑے۔ اسی طرح جو ہماری کنسٹرکشنز ہوتی ہیں، میں صرف صوبائی کی بات نہیں کرتا، مرکز کے اندر بھی، این ایچ اے کے روڈز ہیں، ان میں شاہراہیں ہیں، جب بارشوں سے چند دن پہلے وہ ریت کا چھڑکاؤ اور سڑا ہوا موبل آئل ڈال دیا جاتا ہے، بارشیں شروع ہوتی ہیں تو وہ جو ریت ہوتی ہے، وہ بہہ کر نالوں کو بند کر دیتی ہے، زیادہ نقصانات اس وجہ سے بھی ہو رہے ہیں اور 'پراپر' طریقے سے وہ سڑک بنائی نہیں جاتی ہے، سال کے End پہ وہ اس کی Repairing تھوڑی بہت کر دیتے ہیں، کاغذات کے پیٹ بھر جاتے ہیں۔ اسی طرح بالکل دوسرے جو ہمارے ادارے، سی اینڈ ڈبلیو ہے یا دیگر ہماری مونسپل کمیٹیز ہیں، ان پہ کوئی چیک اینڈ بلینس نہیں ہے۔ میں بلاشبہ یہ بات وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ ابھی تک کوئی Change نہیں آئی، اسی طرح جوں کا توں وہی سسٹم ہے بلکہ الٹا ہمیں نقصان ہوا، ہم نے اس فورم پہ بات کی تھی کہ پراجیکٹ کمیٹیز تشکیل دی جائیں۔ آج 'ای ٹینڈرنگ' ہے لیکن 30 پرسنٹ تک Below ٹھیکے جاتے ہیں، تو کس طرح وہ ٹھیکہ دار، کس طرح وہ ٹھیکہ دار کام کرے گا؟ سیونگز آتی ہیں لیکن وہ اس پہ سیونگز بعد میں ہم وہاں پر خرچ نہیں کر سکتے تو معیار ہی اس کا گھٹیا ہے جبکہ ان کے یہ الزامات ہیں کہ ابھی تک وہ کمیشن سسٹم ختم نہیں ہوا۔ میں اس محترم فورم جو قابل احترام فورم ہے، اس پہ یہ بات کر رہا ہوں کہ اللہ کے فضل و کرم سے کسی ایم پی اے کی کوئی Involvement نہیں ہو گی کسی جگہ کسی کمیشن میں لیکن اب بھی وہی سسٹم ہے، اس کو ابھی تک کنٹرول نہیں کیا جا سکا، تو ہم کس طرح اپنے اپنے علاقوں کو Develop کریں گے؟ ابھی تک وہی نظام چل رہا ہے Percentage کا، معذرت کے ساتھ اگر کوئی ایم پی اے اللہ کے فضل و کرم

سے اس چیز میں Involve نہیں، کسی کرپشن میں نہیں ہوگا لیکن وہ جو پرانا سلسلہ ہے جو عرصہ دراز سے چلا آرہا ہے، میں کسی کو ٹارگٹ نہیں کرتا کہ فلاں گورنمنٹ میں ہوا لیکن عرصہ دراز سے چلا آرہا ہے، وہ دس پرسنٹ سے لے کر 30 پرسنٹ تک ہے۔ آپ اندازہ کیجیے جب 30 پرسنٹ کمیشن میں چلا جاتا ہے، 10 پرسنٹ انکم ٹیکس میں چلا جاتا ہے، اسی طرح 10 پرسنٹ اگر ٹھیکدار لیتا ہے تو باقی پیسے کیا بچتے ہیں؟ دس یا بیس پرسنٹ وہ لے لیتے ہیں تو وہ سڑک تعمیر ہوگی تو غیر معیاری ہوگی، سکولز تعمیر ہونگے تو غیر معیاری ہونگے، ہمیں سب سے زیادہ نقصان اس وجہ سے بھی ہو رہا ہے۔ اگر معیاری کام ہوں تو وہ عرصہ دراز تک چلتے ہیں، انہیں نہ برسات کچھ کہتی ہیں، نہ سیلاب کچھ کہتے ہیں لیکن اس حساب سے اس پلاننگ سے کام کیا جاتا ہے کہ ایک سال کے اندر جو کام کیا، وہ واش ہو جاتا ہے۔ میری سپیکر صاحب! یہ گزارش ہے کہ اس پہ کوئی لائحہ عمل اور جامع پالیسی ترتیب دی جائے تاکہ جو ہم کام کریں، کم از کم آٹھ دس سال رہ جائے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ آمنہ سردار، آمنہ سردار۔

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: آپ کی باری ختم ہو گئی ہے۔

ارباب اکبر حیات: ما خو جی خپل نمبر هغوی له نه وه ورکړے ، ما خو صرف او وئیل چې دوئ له موقع ورکړئ او تاسو مائیک هغه له ورکړو او زه پاتې شوم۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ (قہقہہ)

محترمہ آمنہ سردار: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں انتہائی دکھ اور اپنے شدید غم کا اظہار کروں گی، اپنی پارٹی کی طرف سے بھی اور ہم سب کی طرف سے بھی، کیونکہ چترال میں جو حالیہ سیلاب آیا یا پورے صوبے میں جہاں جہاں پہ سیلاب آئے ہیں اور بہت زیادہ نقصان ہوا ہے، اس کے لئے انتہائی دکھ ہے بلکہ ہر شخص اس پہ دکھی ہے اور غم زدہ ہے۔ اس کے علاوہ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ میرا علاقہ چونکہ سیلاب کے اس میں نہیں آتا ہے، اس زون میں بھی نہیں آتا ہے لیکن سیلاب چونکہ بارشوں کی وجہ سے آتا ہے تو بارشیں جو ہیں وہ باعث بنی ہیں اس سارے مسئلے کا، سیلاب کا۔ میرے علاقے کا مسئلہ یہ ہے جی، میرا تعلق گلیات سے ہے، حلقہ 48 جو ہے وہ ہمارے اس میں آتا ہے، وہاں پہ مون سون کی جو بارشیں ہوتی رہی ہیں، ان سے سیفٹی والز، ری ٹیننگ والز، برجز اور سکول کی

Even جو بلڈنگز ہیں، ڈسپنسریز اور بی ایچ یوز کافی حد تک متاثر ہوئے ہیں۔اس کے بعد وہ مزید جب زلزلہ آیا تھا تو زلزلے کی وجہ سے وہ زیادہ عمارات متاثر ہوئی ہیں اور بہت ساری گورنمنٹ کی عمارات ہیں، وہ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو پورا ڈیٹا بھی دے سکتی ہوں۔ ہمارے ہاں جی دریا تو ہیں نہیں، نہریں بھی نہیں ہیں، نالے ہوتے ہیں جس کو ہماری زبان میں کھٹہ کہا جاتا ہے، وہ بھر جاتے ہیں تو وہ جاکر اس ساری دیواروں کو یا ان کو کمزور کرنا شرع کرتے ہیں۔ میں کئی بار کہہ چکی ہوں سی اینڈ ڈبلیو والوں کو، تو مجھے لگتا ہے کہ ان کو فون کرنا میرا ایک روٹین بنتا جارہا ہے، ریگولر فون ان کو کرنا پڑتا ہے کہ جی اس جگہ پہ ناقص کام ہورہا ہے، اس پہ آپ اس حساب سے چلیں، ناقص میٹریل استعمال ہو رہا ہے، آئے دن، مجھے ابھی افسوس ہے کہ یہاں پہ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے نہیں ہیں، اگر وہ ہوتے تو ان سے میری یہ ریکویسٹ ہوتی، اس فورم پر کہ کم از کم گلیات کے علاقے میں آپ کے یہاں پہ ایک سو چوبیس جو یہاں پہ ممبر بیٹھے ہیں، ان میں سے میرا خیال ہے پچاس لوگوں نے تو جاکے رمضان بھی وہاں گزارا ہے اور عید بھی گزاری ہے، تو کم از کم وہاں کے مسائل کو بھی دیکھنا چاہیے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میڈم! تھوڑا مختصر کریں، مہربانی ہوگی۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: جی سر! میں مختصر ہی کرونگی۔تو سر! ہمارے ڈی سی صاحب بڑے Cooperative ہیں، وہ ہمارے ساتھ بہت اچھے طریقے سے Cooperate کرتے ہیں لیکن یہاں سے اگر ڈائریکٹیوز ایشو ہونگے کہ وہ لوگ جو متاثرین ہیں اور ظاہر ہے بہت غریب لوگوں کے گھروں کی چھتیں گرتی ہیں اور یہ سیکورٹی والز اور یہ سیفٹی والز جو ہیں، ان سے بہت پرابلم ہوا ہے، پچھلے مہینے میں کم از کم چار ایکسیڈنٹ ہوئے ہیں، شدید ایکسیڈنٹ ہوئے ہیں جس میں بالکل وہ سیفٹی والز کے نہ ہونے کی وجہ سے ہوئے ہیں، میں گزارش بھی کرونگی آپ کے توسط سے لوکل گورنمنٹ کے منسٹر صاحب سے کہ اگر وہ خود ان دنوں جاکر وزٹ کریں اور دیکھیں کہ جو سیفٹی والز کے جو حالات ہیں، یہ جو 'ری ٹیننگ' والز کے جو حالات ہیں، یہ جو سڑکوں کے حالات ہیں، وہ کیسے ہیں؟ حالانکہ جی ڈی اے کے پاس کافی فنڈ ہوتا ہے اور اور بھی کافی فنڈز ہیں، تو پلیز ایک سیاحت کا مرکز ہے، سیاحت کے لئے تو سارے جاتے ہیں، سیر بھی کرتے رہتے ہیں لیکن اس کی طرف اس کی جو حالت زار ہے، اس پہ توجہ کوئی بھی نہیں دے رہا، تو نتھیا گلی خوبصورت ہے، ایبٹ آباد کا بلکہ صوبہ سرحد کا میں سمجھتی ہوں دل ہے لیکن اس دل کو بیمار کرکے چھوڑ دیا گیا ہے۔اگر آپ دیکھیں تو اس کی بہت ساری، تین تین چار چار گھنٹے صرف نتھیا گلی تک پہنچتے ہوئے لگتے ہیں جبکہ پینتالیس یا

پچاس منٹ کا راستہ ہے اور انتہائی ناقص کارکردگی ہے جی، میں یہ ایری گیشن والوں کو بھی تو اس لئے میری ریکویسٹ ہوگی کہ جتنے لوگوں کا میں نے یہاں پہ اس فورم پہ نام لیا ہے، اور ایک اور جی تجاوزات پچھلے سال ہوئی تھیں ایک سال پورا گزر گیا ہے اور اس کے باوجود ابھی تک وہ ملبہ نہیں اٹھایا گیا، وہیں پہ سڑکوں پہ پڑا ہے، بہت سارے لوگ یہاں پہ Witness ہونگے جو وہاں پہ گئے ہیں رمضان میں اور عید پر وہ دیکھیں گے کہ ملبہ ابھی بھی وہیں پہ موجود ہے اور نہیں ہٹایا گیا، تو یہ کس کا قصور ہے؟ یہ جی ڈی اے کے اندر آتا ہے، ان کو چاہیے کہ یہ کریں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

محترمہ آمنہ سردار: میری آپ سے ریکویسٹ ہوگی جی کہ ہمیں تو ایک کروڑ کا فنڈ ملتا ہے، وہ اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہوتا ہے، ہم اس کو اپنے علاقے میں لگاتے ہیں تو Kindly یہ ڈائریکٹیوز ایسے ایشو کئے جائیں کہ جو لوگ متاثرین ہیں، ان کو فوری طور پر ان کے مسائل کا سدباب کیا جائے۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔ مفتی فضل غفور صاحب، اس کے بعد آپ کو، مہربانی ہوگی دو تین منٹ میں تاکہ، فنکشن بھی ہے اور میں میڈم کو پھر آخر میں ریکویسٹ کروں گا، میڈم! آپ نے وہ پھر جو پولیس والا ایشو ہے، پھر آپ اٹھالیں گی۔ مفتی صاحب جو ہیں، خطاب فرمائیں اس کے بعد۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، زه خو د ټولو نه وړاندې نن د پولیس یوم شهداء ده نو په دغه حواله باندې دخپل طرف نه او د خپل پورا ایوان د طرف نه د ټول پولیس د شهداء، د هغوی د اهل خانه سره اود هغوی دورثا سره د غم او د تعزیت اظهار کوؤ او مونږه د خپلو دغې ریاستی ادارو په شا باندې ولاړ یو جناب سپیکر، د حالیه سیلاب په تباکارو باندې د هغې نقصانات او د هغې په ازاله باندې بحث شروع دے، زه اوږد تقریر نه کول غواړم، صرف او صرف یو څو تجاویز ستاسوپه نوټس کښې راوستل غواړم۔ جناب سپیکر، دا یو دالله رب العالمین د طرف نه دامتحان یو ګهړئ وی، هرسړے په خپل خپل ځائې باندې په امتحان کښې وی، یوازې حکومت، یوازې ادارې نه بلکه چې څومره هم ددې معاشرې سره وابسطه خلق دے، هر هر فرد په خپل خپل ځائې باندې ذمه دار دے، پکار دے چې ټول سیاسی تنظیمونه، ټوله تاجر برادری، ټولې رفاهی ادارې، هغوی په دغه سیلاب ځپلو خلقو باندې فوکس اوساتی او ټول سیاسی جماعتونه د هغوی مشران هغه هلته لاړ شی او په

ټوله صوبه کښې د د هغوی د پاره د کوآپریشن د پاره او د هغوی سره د تعاون د پاره یو مهم اوچلیدلے شی۔ جناب سپیکر، د حکومت په خپل ځائې ذمه واری ده، "السطان العادل ظل الله فی الارض" منصفه بادشاه، انصاف والا بادشاه د الله رب العالمین سایه وی، هغه غم ځپلی خلق، هغه بې اسرې او بې سهارا خلق چې هغوی دا وخت ډوډئ ته حیران دی، د هغوی د ښبنکلو اوبه نشته دے، د هغوی د سر چهت نشته دے جناب سپیکر! پکار دا ده چې حکومت په هغوی باندې فوکس ورکړی او خپل تمام تر توجه هغه دغې طرف ته ورواړوی خو زه چې وینم زمونږه ډیر معزز ممبرانو په دې حواله خبره اوکړه جناب سپیکر! دا ماته صدا به صحرا ښکاری، 2013 اګست کښې سیلاب راغلو او اکتوبر کښې په دې ایوان کښې په هغې باندې ډیبیټ اوشو، مونږ د خپلو خپلو علاقومسائل مخې ته کړل جناب سپیکر، زه چې کوم ګورم، زما په خیال باندې د دغې سیلاب ځپلو خلقو، د دغې سیلاب ځپلو علاقو د هغوی حشر به هم دغه شان وی لکه څه رنګ چې په 2013 کښې دغې حکومت د هغې حلقو سره، د هغې علاقو سره کړے دے، مونږه خپل درد او فریاد دلته پیش کړو جناب سپیکر! خومخې ته د هغې مداوا نه کیږی، مریض ډاکټر له راشی، ډاکټر ورته علاج نشی کولے۔ جناب سپیکر! چې کوم زمونږه Flood damages وو، د سی ایم صاحب په وینا باندې مونږه په 2013 کښې هغوی ته مخې ته پیش کړل چې کوم Real او چې کوم Facts وو، بالکل سره د هغې پیکچرز او سره د هغې Concerned Departments د هغوی Commentsنه او د هغوی د Recommendation نه جناب سپیکر! هغه هم د سیاست نذر شواو په هغه حلقو کښې هغه فنډونه اولګیدل کومو حلقو ته چې فلډ او سیلاب بالکل چې کوم دے هغه ئے ټچ کړې هم نه دی، نو بیا خو به مونږه دغه سیلاب ځپلو ورونړو ته اووایو چې که څوک اوبو اخستے دے نو اول به ترې تپوس کوؤ چې ته په تحریک انصاف کښې ئې، ستا ایم پی اے او ستا ممبر په کومه پارټئ کښې دے، که هغه د حکومتی پارټئ سره تعلق ساتی نو تاته به حکومت توجه درکوی خو که ته او ستا ممبر د حکومتی پارټئ سره تعلق نه ساتی بیا ځان له ژاړه، ستا په سر باندې هیڅوک دلته د لاس راښکلو نشته دے جناب سپیکر!

کشتی نہ رہی ساحل نہ رہا، ساحل کی تمنا بھی نہ رہی
اے پوچھنے والے ظاہر ہے انجام ہمارا کیا ہوگا
اے موج حوادث ان کو بھی دو چار تھپیڑے ہلکے سے
جو لوگ ابھی تک ساحل پر طوفان کا نظارہ کرتے ہیں

جناب سپیکر، زمونږ خو زړونه غمژن دی، زمونږ خو زړونه غمژن دی، مونږه خو چې د هغې ورونړو هغه تکلیفونو ته ګورو، هغې غمونو ته ګورو او د حکومت بې توجیهئ ته ګورو جناب سپیکر! دا ډیره لویه د افسوس خبره ده او زه په دغې حواله باندې کم از کم تاسو ته دا تجویز درکوم، د ټولو نه مخکښې خو پکار دا ده چې په کومو علاقو کښې چې غذائی قلت دے او هلته غذائی اجناس ختم دی، هلته Water supply schemes totally ختم دی، جناب سپیکر! فوری طور د هلته د دغې د فراهمئ حکومت د هغه پخپله بندوبست اوکړی او بیا جناب سپیکر! چې څومره هلته هسپتالونه دی او هیلته یونټس، پکار ده چې هغه Functional کړلې شی او Emergency basis باندې هلته چې کوم میډیسن، لکه څنګ چې میډم خبره اوکړه، هغه دې هلته هغوی ته Provide کړې شی او بیا جناب سپیکر! پکار دا ده چې د هر یو ډی سی سره Executive کم از کم دومره څه نه څه فنډ تاسو کیږدوئ چې هغه په داسې ایمرجنسی په حالاتو کښې هغه هغه فنډ لګولے شی او هغه ایمرجنسی Cover هغه پرې کولې شی۔ زه خو به دومره اووایم جناب سپیکر! زمونږ اوس په دې موجوده، په دې موجوده بارانونو کښې د بونیر چې د سوات سره کوم لګیدلے روډ دے، درې ورځې د سلائیډنګ د وجې نه بند پروت وو۔ جناب سپیکر، څوک تلے دے هلته زما چې کوم مشینری ولاړه ده، هلته د سی اینډ ډبلیو سره ما درې پیرې په دې فلور باندې دا خبره اوکړه او د سی اینډ ډبلیو منسټر صاحب راته یقین دهانی راکړه چې مونږ به د هغې Repair اوکړو، مونږ به د هغې د پاره ډرائیوران اوګورو۔ جناب سپیکر! د فارن نه ډونرز راشی، مونږ ته سامان راکړی او هغه دغه شان *جوں کے توں* په خپل حال باندې پروت دے، زما په خیال باندې د مخکښې نه دې د پاره منصوبه بندی پکار ده او په پولیټیکل بیسز باندې نه جی، په Need basis باندې او په Real need basis باندې تاسو چې په اے ډی پی کښې لیکئ، هغه Need basis نه، په

Real need basis باندې جناب سپیکر! پکار دا ده چې د دې د پاره مخکښې نه منصوبه بندي اوکړې شي او۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکښې دې ایشو کښې زما یو تجویز دے چې یو Application تاسو راکړئ، هغه دغه کښې چې موږه د دې Concerned کومه سټینډنگ کمیټي ده، هغه کمیټئ یو میټنگ اوشي او هغه یو Proper recommendation جوړ کړي او هغه Recommendation چې دے نو گورنمنټ ته بیا Present شي، هغه به هم یو ضروري وي۔ زما خیال دے چې شیراز خان خبره اوکړي، شیراز خان نه پس عنایت خان! بیا تاسو دغه اوکړئ۔

مولانا مفتي فضل غفور: جناب سپیکر، اوس خو مې، یو اخري تجویز ورکوم جناب سپیکر! جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی ، جی جی ، جی جی، مفتي صاحب۔

مولانا مفتي فضل غفور: سپیکر صاحب، تاسو که د دې ځائې نه جی، تاسو که د دې ځائې نه جی هدایات جاري کړئ چې ټولې محکمې د فوري طور چې کوم دے نو ټولو اضلاع کښې چې څومره Flood damages دي، د هغې یو تخمینه د جوړه کړي او هغه د دلته راولیږلې شي او هغه په Political basis باندې نه، هغه په Need basis باندې تاسو Adjust کړئ او د هغې د Recover کولو د پاره تاسو فوري طور اقدامات اوکړئ۔ شکریه، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: منسټر صاحب به په هغې باندې Comments اوکړي۔ شیراز خان، پلیز بیا ټائم شارټ دے بس، او میډم به دې نه پس د شهداء حوالې سره دغه اوکړي بیا۔

جناب محمد شیراز: شکریه جناب! شکریه۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر!

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! ماته موقع ملاؤ نشوه۔

جناب سپیکر: ستا نه پس به اجلاس ختم کوو۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! نن چې کوم موضوع دے ، وہ سیلاب میں نقصانات اور ان کیلئے ازالہ ہونا چاہیے، Main issue جناب سپیکر! یہ ہے کہ ہمارے علاقوں میں یا صوبوں میں جو سیلاب آتے ہیں یا قدرتی آفات آتی ہیں، یہ ٹھیک ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پہ قہر ہے لیکن اس طرح۔

جناب سپیکر: یہ کل ناراض ہوئے تھے تو آج ان کو منانا ہے ناں، کل ناراض ہوئے تو آج ان کو منا رہے ہیں، اس لئے ان کو ٹائم دیا ہے۔ (قہقہہ)

جناب محمد شیراز: شکریہ جی۔ جی جی، بالکل راضی ہوں میں۔ جناب سپیکر، آخر یہ جو نقصانات روزانہ سیلابوں کی وجہ سے ہو رہے ہیں، قدرتی آفات کی وجہ سے ہو رہے ہیں جناب سپیکر! ٹھیک ہے قدرتی آفات کا مقابلہ نہیں ہو سکتا لیکن ان کی وجوہات معلوم کرنی چاہئیں، خاص کر جو میدانی علاقے ہیں، ان میں زیادہ تر جو نقصانات ہو رہے ہیں، سیلاب آ رہے ہیں، ان میں جو خاص کر ندی نالے ہیں، وہ یا اس طرح خوڑ وغیرہ ہیں، ان میں تجاوزات کی وجہ سے، وہ کم قیمت پہ شاملات وغیرہ پر لوگ ان پہ قابض ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے ان میں بند وغیرہ بنا کر اس کو مضبوط کرتے ہیں، تو اس سے ہماری زرعی زمینیں ہیں، وہ بھی تباہ و برباد ہو جاتی ہیں۔ جناب سپیکر! جس طرح ہمارے صوبے میں قدرتی آفات آتی ہیں لیکن ایک طرف تو کچھ لوگوں کے گاؤں تباہ و برباد ہو جاتے ہیں لیکن دوسری طرف اگر دیکھا جائے تو کچھ لوگوں کے وارے نیارے ہو جاتے ہیں۔ کس طرح وارے نیارے ہو جاتے ہیں کہ اس میں کچھ لوگ جو ہوتے ہیں، نقصان جن لوگوں کا ہوتا ہے، وہ امداد یا ان لوگوں کو ان کا حق نہیں ملتا، جس طرح محکمہ ریونیو میں اگر دیکھا جائے تو جو پٹواری ہیں، تحصیلدار گرداور ہیں، ان کے اپنے لوگ ہیں، اپنے چہیتوں کو، جن کے نقصانات ہوتے ہی نہیں ہیں تو ان لوگوں کو اسی طرح نقصانات کا تخمینہ بنا کر ان لوگوں کو وہ Payment کر دیتے ہیں۔ جس طرح سیکرٹری صاحب مثال کے طور پہ بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ پچھلے گزشتہ سال جو نقصانات ہوئے تھے، ابھی تک ان لوگوں کو Payment نہیں ہوئی ہے۔ بارشوں سے اگر ہمیں اس نئی، اسی طرح سات تاریخ کو اجلاس ہے، ہمیں اسمبلی میں یہ ریکارڈ پیش کیا جائے کہ گزشتہ سال کے جو نقصانات ہوئے ہیں، ابھی تک آیا ان لوگوں کو، ابھی تک ان لوگوں کو اس کا ازالہ ہوا ہے، ان لوگوں کو معاوضہ دیا گیا یا نہیں دیا گیا ہے؟ جناب سپیکر صاحب! افسوس کا مقام ہے کہ یہاں پر ہاؤس میں بحث تو ہو جاتی ہے لیکن اس پر عمل درآمد نہیں ہوتا، اس کا بھی ازالہ کیا جائے اور جناب سپیکر صاحب! اس کے تدارک کیلئے میری اس ہاؤس سے گزارش ہے کہ آپ ایک آرڈر جاری کریں کہ

DCOsاور ACOsوغیرہ اپنے حلقے میں، اپنے اپنے ڈسٹرکٹ میں، تحصیل میں جو بھی ندی نالے ہیں جن پہ تجاوزات ہیں یا جو اس طرح خوڑ یا ندی نالے ہیں، ان میں جو بھی تجاوزات ہیں، ان کو بالکل ختم کیا جائے کیونکہ کل جو نقصانات ہوئے ہیں، جانی یا مالی نقصانات ہوئے ہیں تاکہ یہ گورنمنٹ کو روزانہ ان آفات سے محفوظ بنایا جائے۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، شکریہ۔ میڈم انیسہ زیب

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی:</u> شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آپ نے مجھے اجازت دی، آج صوبہ خیبر پختونخوا میں یوم شہداء انتہائی عقیدت واحترام سے منایا جارہا ہے۔ جناب سپیکر، یہ فیملی اپنے عظیم شہداء کی قربانی پر ان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہے۔ اس صوبہ کی تاریخ میں اب تک 1511 کے لگ بھگ پولیس افسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش فرمایا ہے، اس میں انتہائی قیمتی اور اعلیٰ پائے کے وہ افسران شامل ہیں جو خود ایک Icon کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آج 4 اگست 2010ء میں جو ایک سب سے Senior most جو شہید صفوت غیور خان، آج ہی کی تاریخ میں 2010ء میں انہوں نے جام شہادت نوش فرمایا۔ اس سے پہلے میں کس کس کا نام لوں؟ وہ ملک سعد ہو یا وہ ڈی آئی جی عابد خان ہو یا وہ کالام خان ہو یا وہ خان رازق ہو، ایک سلسلہ ہے نہ ختم ہونے والا۔ میں سمجھتی ہوں، ان لوگوں نے اپنے عوام، اس عوام اور اس صوبہ کی خاطر اپنا جو خون ہے، وہ بہادیا اور جام شہادت نوش فرماکر انہوں نے سارے عوام کو ایک تحفظ دیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ اسمبلی آج اتفاق سے خوش قسمتی سے، وہ اجلاس میں ہے اور ہم سب پر بھی واجب ہے کہ ہم اس موقع پر ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں۔ ان کیلئے میری درخواست ہے آپ سے کہ مفتی صاحب سے کہہ کر ان کیلئے خاص فاتحہ ان شہداء کیلئے پھر کی جائے اور ان کے لواحقین کے ساتھ ایک اظہار یکجہتی کریں اور ان کے مسائل اور ان کے جو آگے فلاح و بہبود کیلئے کسی طور پر ان کی شہادت کو نہ بھولیں۔ میں آپ کو پھر یہ کلئیر کرنا چاہتی ہوں کہ ان 1511 جو شہداء ہیں پولیس کے، اس میں 2006 سے اب تک 1133 پولیس، 1133 پولیس صرف 2006 سے لے کر اب تک، انہوں نے جام شہادت نوش کیا جو ایک بہت بڑی قربانی ہے اور آج اس یوم شہداء کے موقع پر ہم سب پر بھی لازم ہے کہ ان کو یاد کریں۔ آپ نے اس موقع پر مجھے اجازت دی، میں چاہوں گی کہ آپ ایک دفعہ دعا ضرور کروائیں۔

جناب سپیکر: میں مفتی فضل غفور صاحب کو پھر دعوت دیتا ہوں کہ وہ دعا بھی کریں اور کچھ خاص الفاظ ان کیلئے۔

مولانا مفتی فضل غفور: دعا فرمائیں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

ایک رکن: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اچھا پروگرام پھر، چونکہ یہ وضاحت کر لیں پھر اس کے بعد آپ۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: میں آپ کے توسط سے ریکویسٹ کروں گا کہ اگر ہم اپنے اس پروگرام کو، میں کوشش کرتا ہوں کہ جن دوستوں نے نکات اٹھائے ہیں، اس پر Respond کروں اور پھر بعد میں ان کے پروگرام میں بھی شریک ہوں۔

جناب سپیکر: جو گورنمنٹ کے اقدامات ہیں، وہ بھی، کیونکہ ٹائم بھی شارٹ ہے، نماز اور اذان ہو جائے گی تو سارا وہ۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں کوشش کرتا ہوں کہ بہت مختصر الفاظ میں، میں نے وہ سارے دوست جنہوں نے بحث میں حصہ لیا ہے، ان کے نام بھی میں نے نوٹ کر دیئے ہیں، انہوں نے جو نکات اٹھائے ہیں، وہ بھی میں نے نوٹ کر لئے ہیں۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! مجھے بھی ٹائم دیا جائے۔

جناب سپیکر: بات کرتے ہیں، آپ بھی بات کر لیں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جن دوستوں نے نکات اٹھائے ہیں، وہ بھی میں نے نوٹ کر لئے ہیں اور جو اقدامات پراونشل گورنمنٹ نے کئے ہیں، میں ان پر بھی بات کروں گا۔ مختصر بات کروں گا کہ ٹائم بالکل مختصر ہے، نماز کا وقت بھی آنے والا ہے۔ سب سے پہلے تو یہ 31 جولائی کو پراونشل گورنمنٹ نے ایک نوٹیفیکیشن ایشو کیا ہے، جو گفتگو ہوئی، اس میں یہ نکتہ اٹھا کہ حکومت کا کوئی ایک سنٹر ہونا چاہیے، ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لیول پر، لیکن یہ سنٹر ڈسٹرکٹ لیول پر بن چکا ہے اور District Disaster Management Authority کا وہاں پر یونٹ بن چکا ہے، ڈپٹی کمشنر اس کا انچارج ہے اور ہر ڈپٹی کمشنر کو 382 ملین روپے، ہر ڈپٹی کمشنر کو، چترال کے علاوہ اور لکی کے علاوہ، لکی کے ڈپٹی کمشنر کو زیادہ ریلیز ہو چکے ہیں، ہر ڈپٹی کمشنر کو 382 ملین روپے ریلیز ہو چکے ہیں اور وہ ایمرجنسی کے طور پر ان کے پاس موجود ہیں اور وہ اس فنڈ کو جہاں

بھی مصیبت ہو، اس کو خرچ کر سکتا ہے، ان کو اس کی اجازت ہے۔ اس کے علاوہ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ابھی تک جو ریلیز کئے ہیں، اس میں One billion روپے انہوں نے ایمرجنسی فنڈ میں PDMA کو ریلیز کئے ہیں، کوئی 14 کروڑ، یہ بات درست نہیں ہے کہ چترال میں وزیراعلیٰ صاحب سات روز بعد گئے ہیں لیکن وہاں این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے، پاک آرمی، ایری گیشن، سی اینڈ ڈبلیو، لوکل گورنمنٹ، پی ایچ ای، جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس تھے، ان کے سارے Representatives موجود تھے اور 14 کروڑ روپیہ بہت پہلے ریلیز کیا گیا تھا۔ یہ 50 کروڑ کے اناؤنسمنٹ سے پہلے 14 کروڑ اناؤنس ہوا تھا۔ جس روز پرائم منسٹر صاحب آئے، اس روز ہم سارے ان کے ساتھ موجود تھے، چیف منسٹر صاحب موجود تھے، کیبنٹ کے دوسرے Colleagues موجود تھے اور ان کے پورے پروگرام میں ہم شریک رہے۔ اگلے روز بھی ہم وہاں رہے، پھر اس کے اگلے والے روز بھی چیف منسٹر صاحب وہاں چترال کے اندر رہے اور ہم نے پیدل چل کے مختلف Valleys کا بھی خود معائنہ کیا، خود دیکھا۔ جو پرائم منسٹر صاحب نے 50 کروڑ اعلان کیا ہے، وہ پیسے انہوں نے ریلیز کئے ہیں، وہ پراونشل گورنمنٹ کے پاس پہنچ چکے ہیں۔ اصل میں فیصلہ یہ ہوا تھا جو ابتدائی وہاں پی ڈی اے، آرمی کے جے او سی نے جو Presentation پیش کی اور جو این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے، سی اینڈ ڈبلیو، ایری گیشن، لوکل گورنمنٹ، پبلک ہیلتھ، ان سب کی رپورٹ تھی، وہ ابتدائی رپورٹ یہ تھی کہ ایک ارب کے نقصانات ہوئے ہیں۔ جس روز پرائم منسٹر صاحب آئے تھے تو پرائم منسٹر صاحب نے کہا کہ 50 کروڑ روپے میں دیتا ہوں اور 50 کروڑ روپے وہ پراونشل گورنمنٹ Contribute کرے۔ اس کے بعد وہاں کے ایم پی ایز، منتخب ایم پی ایز، سلیم خان صاحب اور ہمارے دوسرے کولیگ سردار حسین صاحب جو ہیں، وہ تھے، وہاں کے ایم این اے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہاں نقصانات بہت زیادہ ہیں اور جو ابتدائی اندازہ لگایا گیا ہے، یہ درست نہیں ہے۔ اس پر پرائم منسٹر اور چیف منسٹر نے کہا کہ یہ ایک Permanent ہمارے درمیان انڈرسٹینڈنگ ہے کہ جتنے بھی نقصانات ہوں گے، اس میں 50-50 ہم Contribute کریں گے۔ اس لئے میں میڈیا کے Through فیڈرل گورنمنٹ کو وہی، جو وعدہ انہوں نے کیا ہے، وہ وعدہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ اس سیشن کے اندر فیصلہ ہوا تھا۔ جو Latest تخمینہ ہے، اگرچہ وہ 100 پرسنٹ اس کی مطلب Assessment نہیں ہوئی ہے لیکن یہ جو نقصانات کا چترال کے اندر اندازہ ہے، وہ کوئی چار ارب تک پہنچنے کا خدشہ ہے اور اس وقت تک جو پورے صوبے کے اندر نقصانات ہوئے ہیں، اس میں کوئی 2682 گھر Partially جو ہیں، وہ

398 گھر Fully damaged ہے، Assessment یہ ابھی تک جو ہماری Damage ہو چکے ہیں۔ یہ ابھی تک جو ہماری Assessment ہے، 398 Fully damaged گھر ہیں جو کہ مکمل طور پر بہہ چکے ہیں، کوئی 80 جو ہیں Dead ہیں، Dead bodies ہیں اور 58 Injured ہیں اور 326 جو ہیں وہ مال مویشیوں کو نقصان پہنچا ہے۔ آٹھ افراد جو ہیں وہ Missing ہیں، یہ وہ کچھ مالی اور جانی نقصان ہے۔ اس کے علاوہ چترال کے اندر تو رابطہ سڑکیں، اری گیشن چینلز، پبلک یعنی کمیونٹی اور حکومتی، Bridges اور پورے کے پورے گاؤں بہہ چکے ہیں۔ اب منور خان صاحب نے بھی اشارہ کیا، میرے خیال میں لکی بھی Severely Hit Areas میں ہے اور یہ یہ اضلاع ہیں کہ جن سے ہمیں رپورٹیں مل گئی ہیں، چترال، ایبٹ آباد، پشاور، کوہاٹ، کرک، چارسدہ، بنوں، شانگلہ، بٹگرام، سوات، دیر لوئر، ٹانک، ڈی آئی خان، لکی مروت، دیر اپر، بونیر، مردان، ہنگو۔ یہ سارے جو فگرز میں نے آپ کے سامنے Quote کئے، یہ انہوں نے، یہ اضلاع سے ملے ہیں۔ ان کے ڈپٹی کمشنر کے پاس 382 ملین روپے، ہر ڈپٹی کمشنر کے پاس موجود ہیں۔ میں نے آپ کو فنانس ڈیپارٹمنٹ سے جو فگرز ریلیز، پیسے ریلیز ہوئے ہیں، اس کا بھی ذکر کیا۔ چیف منسٹر نے چترال کے ڈپٹی کمشنر سے کہا کہ اگر آپ ایک دن میں ایک ارب روپے بھی خرچ کر سکتے ہیں تو We will provide you، اگر آپ ایک دن میں ایک ارب روپے بھی خرچ کر سکتے ہیں، آپ کے اندر Capacity ہے، آپ خرچ کر سکتے ہیں تو یہ ایک ارب روپے ہم آپ کو ریلیز کریں گے اور آپ کو دیں گے لیکن پیسوں کی آپ کو کمی نہ آنے دیں اور ہر جگہ اب ڈپٹی کمشنر کو بالکل مکمل طور پر بااختیار بنایا جا چکا ہے۔ یہ بات درست ہے کہ ایمرجنسی کے اندر اگر آپ کا کوئی یونٹ ایسا نہ ہو کہ جن کو اختیار دیا جائے، جن کو پیسے دیئے جائیں، جو ایمرجنسی میں Act کریں، جو ایمرجنسی میں جا کر اعلان کریں، ایمرجنسی میں پرچیز کریں، ایمرجنسی میں اپنے وسائل کو Mobilize کریں تو پھر کام نہیں ہو سکتا ہے۔ اسی بنیاد پر 31 جولائی کو یہ نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کو ہیڈ بنایا گیا ہے اور سارے لائن ڈیپارٹمنٹس اس کے ماتحت ہیں اور ان کے پاس فنڈ، ان کو ایمرجنسی فنڈز دیئے گئے ہیں اور جونہی کوئی آفت آتی ہے، مصیبت آتی ہے، وہ Assessment کر کے حکومت کو، پی ڈی ایم اے کو رپورٹ کرتے ہیں اور پھر وہ Accordingly ان کو ریلیز ہوتے ہیں۔ یہ بات اٹھائی گئی کہ جو Dead bodies ہیں، Injured ہیں اور جو مکانات Partially یا Fully damaged ہوئے ہیں، اس کا کیا پروسیجر ہوگا؟ میرے خیال میں یہ پروسیجر میرے کولیگز کو معلوم ہے اور تین لاکھ Dead body کے اوپر ہے، ایک لاکھ زخمی کے اوپر ہے اور ایک لاکھ روپے جو ہے، وہ پچاس

ہزار روپے، وہ Partially damaged home ہے اور پچیس ہزار روپے Fully damagedہےاور اس کا پروسیجر یہ ہے کہ اس کا ایک پروفارما ہے، وہ ڈپٹی کمشنر ساری رپورٹسConsolidateکرتا ہے، اس میں ایم پی اے کا بھی دستخط ہوتا ہے، وہ جب Consolidateہوتے ہیں تو پی ڈی ایم اے کے پاس آتے ہیں تو ان کو پیسے پھر ریلیف ڈیپارٹمنٹ کے پاس آتے ہیں تو ان کو پیسے ریلیز ہوتے ہیں۔ جن ایم پی ایز صاحبان نے اپنے اپنے حلقوں کے اندر مسائل کی طرف نشاندہی کی ہے، ان کو میں نے بھی نوٹ کیا ہے اور میں نے سیکرٹری ریلیف سے بھی بات کی ہے وقفے میں، کہ وہ ان سب کو نوٹ کریں اور جنہوں نے بالکل Concreteکسی، جس طرح منور خان صاحب نے ایک روڈ کا حوالہ دیا تو وہ ان ایم پی ایز کے ساتھ In touchرہیں، ان کے ساتھ رابطہ کریں اور اس پہ فوری طور پہ پی ڈی ایم اے والے اپنے طور سے، کیونکہ یہ مینڈیٹ ہے پی ڈی ایم اے کا، سی اینڈ ڈبلیو کا، سی اینڈ ڈبلیوAssessmentاور اس کیلئے پی سی ون وغیرہ تیار کرے گا۔ پی ڈی اے کا، پی ڈی ایم اے کا مینڈیٹ ہے، تو وہ ان رابطہ پلوں وغیرہ کو اپنے پلان کے اندر، Rehabilitation planکے اندر شامل کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ اور ہم آپ کو ایشورنس دلاتے ہیں، آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جو نقصانات ہوئے ہیں، ان کو Rehabilitateکیا جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اور اگر ہماری اے ڈی پی کو Suspendکرنے کی ضرورت پڑی اور کسی نکتے پر اور کسی نتیجے پر، کسی وقت ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ جو ہمارے پاس فنڈز ہیں، وہ ناکافی ہیں، تو سب کیلئے اے ڈی پی کو بھی Suspendکیا جا سکتا ہے، اس کو Suspendکریں گے، اس میں کوئی ہمارے لئے مسئلہ نہیں ہے لیکن ہمارا خیال ہے کہ چترال کے علاوہ باقی جن جگہوں کے اندر نقصانات ہوئے ہیں، وہManageableہیں۔ چترال ذرا Extra ordinary caseہے، غیر معمولی نقصان ہوا ہے، ان کو Rehabilitateکرنے کیلئے زیادہ وسائل جمع کرنے ہوں گے، ان کیلئے زیادہ وسائل خرچ کرنے ہونگے اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے قدرتی آفات اور ایمرجنسیز کیلئے جتنے پیسے رکھے ہیں، ان سے ہم ان جگہوں کے اندر Respondکر سکتے ہیں ان شاء اللہ و تعالیٰ اور ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم اس سلسلے میں کسی سیاسی تقسیم کا اپنے آپ کو شکار نہیں ہونے دینگے۔ میں نے آپ کو بتادیا کہ چترال کے اندر وہاں کے ایم این اے کا تعلق آل پاکستان مسلم لیگ سے ہے، مشرف صاحب کی پارٹی سے ہے، وہاں کے دو ایم پی ایز پاکستان پیپلز پارٹی سے ہیں اور وہ اس کو چیف منسٹر صاحب نے، Eveningکو جو میٹنگ ہوئی، اس میں وہاں کے جی او سی صاحب نے شرکت کی،

چیف منسٹر صاحب تھے، صوبائی منسٹرز تھے اورAligned departments کے لوگ تھے۔ان سب کو چیف منسٹر صاحب نے انسٹرکشنز دیں کہ یہ دونوں ایم پی ایز ادھر آئینگے اور انہی کی نشاندہی کے اوپر آپ کام کرینگے۔ جہاں جہاں جن لوگوں کے حلقوں میں کام ہوئے، سیلاب کی وجہ سے نقصانات ہوئے ہیں، وہ ڈپٹی کمشنر کو اور متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو اور پی ڈی ایم اے کو رپورٹ کریں، ان شاء اللہ ہم ان کو بغیر کسی سیاسی وابستگی کے اس میں Accommodate کرینگے۔ایک بات بابک صاحب نے اٹھائی، آئی این جی اوز، این جی اوز کی، ان کی بات بالکل درست ہے اور ہم تو اپیل بھی کرنا چاہیں گے کہ آئیں اور فیلڈ کے اندر موجود ہیں اور مزید بھی آئیں اور کام کریں۔ جن کو چونکہ چترال اپر دیر اور لوئر دیر اور پشاور کا اور ہمارے صوبے کا میجارٹی علاقہ جو ہے، ایریا ہے، تو اس میں وہ اپنی جو این او سیز ہیں، ان پراسیس سے جو این جی اوز، آئی این جی اوز گزرے ہیں، وہ آکے بالکل کام کر سکتے ہیں، ان پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ ظاہر ہے جن کو این او سیز نہیں ملی ہیں، جن کو کلیئرنس نہیں ملی ہے، ان کا تھوڑا مسئلہ رہے گا، این جی اوز اور آئی این جی اوز کے اوپر کوئی پابندی نہیں ہے اور چترال کے اندر بھی ہم نے دیکھ لیا، لوگ موجود تھے، چترال کے اندر بھی این جی اوز اور آئی این جی اوز موجود تھے اور وہ کام کر رہے تھے اور وہ اس میٹنگ میں شرکت کر رہے تھے۔ جو میٹنگ شام کو ہوتی تھی جس میں آرمی کے لوگ اور سارے، یہ بات بھی درست نہیں ہے کہ کوآرڈینیشن نہیں ہے، بالکل کوآرڈینیشن موجود ہے، وفاقی حکومت صوبائی حکومت اور این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے، آرمی، سی اینڈ ڈبلیو، ایریگیشن، پبلک ہیلتھ، ان سب کے درمیان کوآرڈینیشن موجود ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو مسلسل آفات اور ڈیزاسٹرز آئے ہیں اور اس کے نتیجے میں جو پی ڈی ایم اے بنی ہے، این ڈی ایم اے بنی ہے، 2005 سے لیکر یہ سلسلہ جب شروع ہوا ہے تو اس سے کافی، ایکResponse کے طور پر ایک انفراسٹرکچر اورInstitutional arrangement اور میکینزم جو ہے، وہ ڈیویلپ ہوتا جا رہا ہے اور اس کے نتیجے میں اس کے بغیر کوئی چارہ کار ہی نہیں ہے کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ Co-ordinate کریں، تو کوآرڈینیشن بھی الحمدللہ موجود ہے اور اس میں اس وجہ سے جب پرائم منسٹر صاحب آئے تو پرائم منسٹر چیف منسٹر کو اپنے ساتھ لے کے چلے، گورنر صاحب بھی موجود تھے، ان کی کیبنیٹ کے سارے Colleagues اور ٹیم بھی موجود تھی، آرمی کے لوگ بھی موجود تھے، صوبائی حکومت کے لوگ بھی موجود تھے اور ایک کوآرڈینیشن کے ساتھ وہاں چترال کے اندر بھی کام ہو رہا ہے اور جہاں جہاں سے دوستوں نے سیلاب کے اندر تباہ کاریاں رپورٹ کی ہیں جو ہم نے ادھر نوٹ کی ہیں، ہم نے نوٹ نہیں

کی ہیں، سیکرٹری ریلیف موجود ہیں، میں سیکرٹری ریلیف کو یہ انسٹرکشنز دیتا ہوں کہ وہ یہاں سے انہوں نے جو Notes لئے ہیں اور جن کی طرف سے Tangible کوئی Suggestions آئی ہیں، ان ایم پی ایز کے ساتھ بھی رابطہ کریں، جن کے حلقوں کے اندر نقصانات ہوئے ہیں، ان کے ساتھ بھی رابطہ کریں اور ہمارے Elected representatives کو وہاں جہاں ان کے ہاں نقصانات ہوتے ہیں، ان کو Involve رکھیں اور ڈپٹی کمشنر صاحبان، ان کو بھی 'اپ ڈیٹ' رکھیں، ان کو Involve رکھیں۔ وہ کمیونٹی کے اندر موجود ہوتے ہیں، یہ ان کیلئے فائدہ دینگے، یہ ان کو Exact information فراہم کرینگے۔ ہمارے Elected representatives ان کو Exact information فراہم کرینگے اس لئے میں یہاں سے حکومت کی طرف سے ان کو یہ انسٹرکشنز ایشو کرتا ہوں کہ وہ ہر جگہ ہمارے Elected representatives کو Involve کریں۔ میں آپ کو ایشورنس دیتا ہوں اور اس کے باوجود بھی اگر کوئی بات رہ گئی ہے تو یہ اجلاس Continue ہے، چلتا رہے گا، اس میں ہمارے کیبنیٹ کے دوست موجود رہتے ہیں، میں خود بھی ان شاء اللہ وتعالیٰ ایوان کے اندر آتا رہونگا، آپ لوگ اٹھائیں اور ہم ان شاء اللہ وتعالیٰ اس پر Respond کرینگے اور سیلاب کے حوالے کوئی سیاست نہیں ہوگی، نہ کوئی سیاست کرینگے ان شاء اللہ وتعالیٰ، بلکہ سیلاب کے دوران، تباہ کاریوں کے دوران، قدرتی آفات کے دوران، Man made آفات کے دوران ان شاء اللہ وتعالیٰ ایک دوسرے کے ساتھ مل کے ان سے نبٹنے کی کوشش کرینگے اور میں امید رکھتا ہوں کہ اس کے نتیجے میں ہماری Capacity build ہو، ہماری Competencies build ہوں اور ایک Institutional Mechanism develop ہو کہ جس کے نتیجے میں ہم ان آفات سے نبٹ سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک چیز جو ہے، ایک Improvement آئی ہے چترال کے اندر، گوکہ اس میں ہم کامیاب نہیں رہے کیونکہ چترال کا جو سیلاب تھا، وہ Unpredictable تھا، وہ Flash flood کی وجہ سے ہے، گلیشیرز کی Melt ہونے کی وجہ سے ہے اور اس وجہ سے اس کو Predict نہیں کیا جا سکا لیکن جو نچلے علاقے ہیں، وہاں Early Flood Warning System کے نتیجے میں جانی نقصان اتنے نہیں ہوئے ہیں جتنے کہ پہلے ہوا کرتے تھے، ان شاء اللہ اس سلسلے کو Improve کرتے رہینگے۔ میں آپ کا مشکور ہوں اور ان سب دوستوں کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے ڈیبیٹ کے اندر حصہ لیا۔ Thank you very much.

<u>جناب سپیکر:</u> شوکت یوسفزئی ایک ریزولیوشن پاس کرانا چاہتے ہیں۔

جناب سردار حسین: جی، زه یو منټ خبره کوم۔

جناب سپیکر: Exactیو منټ۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زه Repeat کول نه غواړم، پرون خو دلته د رول 63 حواله ورکړې شوې وه او زما یقین دا دے چې تاسو پخپله هم دلته بیا اووئیل، اوفرمائیل تاسو چې د 63 د لاندې چې کوم آنریبل ممبر صاحب Arrestشوے دے، تاسو ته Intimationنه دے شوے، زه دا ګڼړمه چې د هغې رولز مطابق د دې ټول هاؤس استحقاق مجروحه شوے دے نو ما وئیل چې دا ستاسو په نوټس کښې راولم چې دا خو Intimateکول پکار وو، د 63 د لاندې پکار داوه چې دا Intimateشوے وو۔ احتساب کمیشن چې دے، دا استحقاق مجروحه شوے دے د ټول هاؤس سپکر صاحب! بیا 65 A ته زه ستاسو توجه راګرځول غواړمه او که تاسو لږ مناسب ګڼړئ نو لږ وخت کښې زه دا Read outکول غواړمه، ګنی دا هم د رولز مطابق خبره ده۔

جناب سپیکر: زما صرف دومره، بانګ به اووائی او دا شوکت خان ریزولیوشن پاس کول غواړی۔

جناب سردار حسین: ډیر شارټ، ډیر شارټ جی، مهربانی۔ 63 وائی جی:

"A: The Speaker on the written request of the Member in custody or on his behalf by the respective parliamentary leader may, if deem appropriate, summon the member in custody, on the charge of non bailable offence, to attend a sitting or sittings of the Assembly."

سپیکر صاحب، دا به ریکویسټ کوؤ چې چونکه نن تاسو ته Written form کښې ممبر صاحب Applicationکړے دے نو دا به مونږ مناسب ګڼړو چې تاسو ته ریکویسټ اوکړو ځکه چې که د 63 د لاندې احتساب کمیشن د دې ټول هاؤس استحقاق مجروحه کړے دے نو زما یقین دادے چې تاسو ته به دا ریکویسټ کوؤ چې دا تاسو Production Order د هغوی اوکړئ۔ ډیره مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: زمونږه سیکرټریټ ته بالکل Application ملاؤ شوے دے او According to Law چې څه پروسیجر وی نو ان شاء الله هغه به کوؤ۔ شوکت یوسفزئی صاحب، پلیز۔

(قاعدہ کا معطل کیا جانا)

جناب شوکت علی یوسفزئی: جناب سپیکر، زه د ټولو نه وړومبے دې ایوان ته درخواست کوم چې رول 240 تحت124معطل کړے شی او ما ته د د قرارداد اجازت را کړے شی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honorable Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it._

جناب شوکت یوسفزئی: جناب سپیکر! بہت Important یہ قرارداد ہے اسلئے کہ کراچی کے اندر جو رینجرز آپریشن ہو رہا ہے، اس کی وجہ سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ کافی حد تک امن وہاں بحال ہو رہا ہے اور بجائے اس کے کہ اس پر وہاں کے رہنے والوں کو خوش ہونا چاہیئے، وہاں کی نمائندگی کے دعوے کرنے والوں کو وہاں خوش ہونا چاہیئے۔ ایم کیو ایم کے جو سربراہ جس طریقے سے لندن سے بیانات دے رہے ہیں اور جس طرح وہ گریٹر بلوچستان، گریٹر پنجاب جس طرح وہ باتیں کر رہے ہیں، اس طرح ملک توڑنے کی جو باتیں کر رہے ہیں، میرے خیال سے اس پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ Kindly ریزولیوشن پڑھ لیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: میں یہ سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔ میں اس پر یہ قرارداد لانا چاہتا ہوں کہ یہ اسمبلی الطاف حسین کے حالیہ شرانگیز بیان جس میں پاکستانی افواج۔۔۔۔

جناب سپیکر: کس کس نے سائن کئے ہیں؟ سب نام بتاؤ، سب سے پہلے جو جو اس میں نام اور جس نے سائن کئے ہیں، آپ کے ساتھ، جوائنٹ ریزلیوشن ہے۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: جی یہ جوائنٹ ریزلیوشن ہے، جناب مشتاق احمد غنی صاحب، وزیر برائے اعلیٰ تعلیم و اطلاعات، جناب مظفر سید صاحب، وزیر برائے خزانہ، جناب شاہ فرمان صاحب، وزیر برائے آبنوشی، جناب امتیاز شاہد صاحب، وزیر برائے قانون، میری طرف سے اور جناب منور خان ایڈوکیٹ

صاحب، ارباب اکبر حیات صاحب، سید محمد علی شاہ باچا صاحب، سمیع اللہ خان علیزئی صاحب، سید جعفر شاہ صاحب، محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ اور اراکین صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا۔

جناب سپیکر: بسم اللہ جی، پڑھیں۔

قرارداد

جناب شوکت علی یوسفزئی: یہ اسمبلی الطاف حسین کے حالیہ شرانگیز بیان جس میں پاکستانی افواج اور ریاست کے خلاف نفرت کی مذمت کرتی ہے اور سمجھتی ہے کہ اس بیان میں الطاف حسین کا بھارت کو مداخلت کی دعوت دینا قابل مذمت اور اقوام متحدہ کو لکھے گئے خط میں مداخلت کی دعوت دینا افسوسناک ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ الطاف حسین کو انٹرپول کے ذریعے گرفتار کر کے پاکستان لایا جائے اور اس کے خلاف غداری کا مقدمہ فوری طور پر درج کیا جائے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that joint resolution, moved by the honorable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is adopted unanimously. The sitting is adjourned till 3.00 p.m. of Friday afternoon.

(اجلاس بروز جمعتہ المبارک، مورخہ 7 اگست 2015 بوقت تین بجے بعد از دوپہر تک کیلئے ملتوی ہو گیا)